# شبِ عید

## شبِ عید خود کو عبادت کے لئے فارغ کر کے حضرت امیرالمومنینؑ کو خوش کر دیں

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت امیر المومنینؑ علی علیہ السلام نے فرمایا کہ

مجھے خوشی ہوتی ہے اس چیز سے کہ
ہر شخص سال میں چار راتیں عبادت کیلئے
اپنے آپ کو فارغ رکھے، وہ چار راتیں یہ ہیں:

**عید فطر کی رات**
**عید قربان کی رات**
**پندرہ شعبان کی رات**
**ماہ رجب کی پہلی رات**




(مصباح المتہجد، ص 589 ۔ اقبال الاعمال ص 577)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim



+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

کون ہے جو امام زین العابدینؑ کی سنّت پر
عمل کر کے شبِ عید عبادت میں گزارے۔؟

عید الفطر

امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ

میرے والد ماجد حضرت امام زین العابدین علیہ السلام
عیدِ فطر کی رات مسجد میں صبح تک بیٹھتے یہاں تک کہ
صبح کی نماز وہیں پر پڑھتے اس طرح پوری رات
شبِ زندہ داری میں گزارتے اور فرماتے:
اے نورِ نظر۔! یہ رات شب قدر سے کم نہیں ہے

(اقبال الاعمال، ص 577)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

امام سجادؑ اِن کلمات کے ساتھ
ماہِ رمضان کو الوداع کہا کرتے تھے:

من دعاء الإمام السجاد (عليه السلام) في وداع شهر رمضان

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ اللهِ الأَكْبَرَ، وَيَا عِيدَ أَوْلِيَائِهِ
السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَكْرَمَ مَصْحُوبٍ مِنَ الأَوْقَاتِ
وَيَا خَيْرَ شَهْرٍ فِي الأَيَّامِ وَالسَّاعَاتِ




+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید




حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

## عیدِ فطر اور عیدِ قربان (ضحیٰ) وغیرہ کی رات بہت زیادہ نماز پڑھا کرو اور قرآن کی تلاوت کیا کرو اور اللہ سے دُعا مانگو۔

مصباح المتہجد
ص590 ۔ 589

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم


00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

عید فطر

شبِ عیدالفطر بابرکت راتوں میں سے ایک ہے،
اسکی فضیلت، بیداری، عبادت اور ثواب سے
متعلق بہت سی احادیث آئی ہیں

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**یہ رات (شبِ عیدالفطر)**
**مرتبے میں شبِ قدر**
**سے کچھ کم نہیں..**

(مفاتیح الجنان۔ ماہِ شوال کے اعمال)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید




## اگر شک ہو کہ آج آخر رمضان ہے
## یا پہلی شوّال؟

جس دن کے متعلق یہ شک ہو
کہ آج آخرِ رمضان ہے یا روزِ عید
اُس دن رمضان کی نیّت سے روزہ رکھنا واجب ہے۔

پھر دن میں جب کبھی یقینی ذرائع سے
روزِ عید ہونا ثابت ہو جائے تو روزہ خود بخود ختم ہو جائے گا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


شبِ عید
من أعمال آخر ليلة من
شهر رمضان
زيارة الحسين (عليه السلام)
مفاتيح الجنان
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

الٰهی اهل الکبریاء والعظمة

ہے کوئی بلند ہمت جو شبِ عید اس نماز کو ادا کرے۔؟

امام جعفر صادق علیہ السلام ، حضرت علی علیہ السلام سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

جو شخص شبِ عید فطر دو رکعت نماز پڑھے جس کی پہلی رکعت میں سورہ حمد ایک مرتبہ اور سورہ اخلاص (توحید) ہزار مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورہ حمد اور سورہ توحید ایک ایک مرتبہ پڑھے،

وہ خدا سے کوئی چیز نہیں مانگتا مگر یہ کہ خدا اسے وہ چیز عطا کرتا ہے۔۔

(اقبال الاعمال، ص575)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim



+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید




+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

## کیا عید کے چاند کی تحقیق دوسروں کو بتانا ضروری ہے؟

اپنی عید کے چاند کی تحقیق دوسروں کو بتانا جائز ہے
لیکن اُنہیں اطمنان نہ ہو رہا ہو تو زبردستی کر کے
اسے قبول کرنے پر مجبور کرنا صحیح نہیں ہے
ہر شخص اپنے
ذاتی یقین و اطمنان کا پابند ہے۔

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# شبِ عید

## عید یا رمضان کے چاند کے اعلان پر اعتبار کا مسئلہ

اگر کسی جگہ عید یا رمضان کے چاند کا اعلان ہو جائے
تو اُسکی تطبیق اپنے مجتہد کے فتویٰ سے کرنا ضروری ہے۔
جب تک یقین و اطمنان نہ ہو تب تک اسکے مطابق عمل نہیں کر سکتے۔
مثلاً ممکن ہے کہ کسی علاقے کی گواہی پر
اعتماد کرتے ہوئے اعلان کیا گیا ہو
اور وہ آپکے شہر کا ہم اُفق نہ ہو اور آپکا مجتہد وحدتِ اُفق کا قائل ہو۔
لہٰذا اس بات کا اطمنان ضروری ہے کہ اعلانِ عید یا اعلانِ رمضان
آپکے مجتہد کے کسی فقہی حکم سے نہ ٹکرائے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

سوال

کیا مقلدین کے لیے ضروری ہے
کہ عیدالفطر کے لیے اپنے مرجع کی طرف رجوع کریں
یا جس دن ملک میں عید ہو اسے مدّ نظر رکھنا چاہیے؟

جواب

عید کے چاند کے لئے
اپنے مرجعِ تقلید سے پوچھنا ضروری نہیں ہے۔
انسان کو اپنے مرجعِ تقلید کے روئیت ہلال کے فتاویٰ کے مطابق
خود ذاتی یقین و اطمنان ہونا چاہیے۔

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

## سوال

مقلّد کو ریڈیو اور T.v کے اعلان کے مطابق
عید کرنی چاہیئے یا اپنے مرجع کے فتویٰ کے مطابق
عمل کرنا چاہیئے؟

## جواب:

ہر شخص کے لئے واجب ہے
کہ اوّل ماہ کے چاند کے بارے
اپنے مرجعِ تقلید کے فتویٰ کے مطابق عمل کرے
اِس اعلان پر عمل میں مرجع اعلم کے فتویٰ کی خلاف ورزی نہ ہو
اور چاند ثابت ہوجائے تو عمل کرے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

## سوال

جس دن کے متعلق یہ شک ہو کہ آج روزِ عید ہے یا 30 رمضان ہے
اس دن اگر ہم اپنے مرجعِ تقلید کو کھاتے پیتے دیکھیں
تو اس دن کے روزے سے متعلق ہماری کیا ذمّہ داری ہے؟

جواب: اگر عید کا یقین ہو جائے تو ہم بھی افطار کر سکتے ہیں
ورنہ روزہ رکھنا تو واجب ہوگا
خواہ مرجعِ تقلید کو کھاتے پیتے ہی کیوں نہ دیکھیں۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

**سوال:** کیا دوسروں کو اپنی چاند کی تحقیق پر
یقین کروانے کے لئے
مجبور کیا جا سکتا ہے؟




**جواب:** جی نہیں۔
ہر شخص اپنے اطمنان و یقین کا پابند ہے۔


www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

سوال: عورتوں کے لئے نمازِ عید کے لئے جانا کیسا ہے؟

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

جواب

آیت اللہ سیستانی کے نزدیک احتیاطِ مستحب ہے کہ جوان عورت نمازِ عید کے لئے نہ جائے البتہ یہ احتیاط بوڑھی عورت کے لئے نہیں ہے۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

**اگر سفر کر کے**
**ایسی جگہ پہنچے**
**جہاں روزہ**
**ایک دن آگے**
**یا پیچھے ہو؟**

اگر انسان کسی شہر کے چاند کے اعتبار سے رمضان شروع کرے
اور پھر سفر کر کے کسی ایسے شہر میں چلا جائے
جہاں روزہ ایک دن آگے یا پیچھے ہو تو جس جگہ اس وقت موجود ہے
تو عید اسی جگہ کے مطابق منائے گا۔

اگر وہاں کے مطابق اس کے اٹھائیس روزے ہوئے ہیں
تو بعدِ رمضان ایک روزے کی قضا کرے گا
اور اگر عید کے چاند کا معلوم نہ ہو
اور اسکا 31 واں دن ہو تو اس دن روزہ رکھے گا
یعنی فعلاً جس جگہ موجود ہو
وہاں اپنے مجتہد کے فتویٰ کے مطابق عید منائے گا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

## عید کے چاند سے متعلق چند سوالات

سوال ۱: کیا میرے لیے چاند کے بارے میں تحقیق کرنا ضروری ہے؟

جواب: جی نہیں۔

سوال ۲: اگر مجھے پتہ چل جائے کہ چاند ہو گیا ہے تو دوسروں کو بتانا ضروری ہے؟

جواب: جی نہیں۔

سوال ۳: میں نے چاند خود دیکھا ہے۔ کیا مجھے کل عید منانے کا حق ہے؟

جواب: جی ہاں۔ آپ عید کل ہی منائیں گے۔ یہ ضروری ہے۔

سوال ۴: عید منانے کے لیے کیا کرنا ضروری ہے؟

جواب: بس دو چیزوں کا خیال رکھیں:

(الف) اگر فطرہ واجب ہے تو وہ نکالیں۔

(ب) عید کے دن روزہ رکھنا حرام ہے۔

روزہ
اعتکاف
رویت ہلال
فطرہ
(چار مراجع کے مطابق)

/maulana.dawoodani

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

## عید کا چاند نظر آنے یا نہ آنے کی تین ممکنہ صورتیں ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| i) چاند نظر آ گیا | • کل پہلی شوال ہے<br>• روزہ رکھنا حرام ہے | • عید منائیں<br>• فطرہ نکالیں |
| ii) چاند نظر نہیں آیا<br>iii) نہیں معلوم چاند ہوا یا نہیں | • کل 30 رمضان ہے<br>• یہ واجب ہے | • روزہ رکھیں<br>• عید پرسوں منائیں |

سوال: میں نے 30 رمضان سمجھ کر روزہ رکھ لیا۔ دن میں کسی وقت پتہ چلا کہ چاند نظر آ گیا تھا۔ میں کیا کروں؟

جواب: روزہ توڑ دیں اور فطرہ نکالیں۔

/maulana.dawoodani

روزہ، اعتکاف، رویت ہلال، فطرہ (چار مراجع کے مطابق)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ عید

## عید کے چاند سے متعلق چند سوالات

سوال : میں آج عید منا رہا ہوں شہر کی اکثریت کل۔ کیا میں کل سب کے ساتھ جا کر جماعت کے ساتھ عید کی نماز پڑھ سکتا ہوں ؟

جواب: رجاءِ مطلوبیت کی نیت سے پڑھ سکتے ہیں۔

سوال : رجاءِ مطلوبیت یعنی ؟

جواب: اس امید پر کہ یہ عمل خدا کو مطلوب ہے۔

سوال : اور باقی Celebrations بھی اگلے دن کر سکتا ہوں ؟

جواب: مثلاً ؟

سوال : مثلاً گلے ملنا، مبارکباد دینا وغیرہ ؟

جواب: یہ سب اگلے کئی دنوں تک کرتے رہیں۔ کوئی پابندی نہیں ہے۔

روزہ، اعتکاف، رویتِ ہلال، فطرہ (چار مراجع کے مطابق) /maulana.dawoodani

# اعمالِ شبِ عیدالفطر

یکم شوال کی رات بابرکت راتوں میں سے ہے، اس کی فضیلت، بیداری، عبادت اور ثواب سے متعلق بہت سی احادیث وارد ہوئیں ہیں، حضرت رسول سے مروی ہے کہ یہ رات مرتبے میں شب قدر سے کچھ کم نہیں اور اس میں چند ایک اعمال ہیں

(۱) غروب آفتاب کے وقت غسل کرے۔

(۲) شب بیداری یعنی نماز، دعا، استغفار اور خدا سے طلب حاجات کرتے ہوئے مسجد میں جاگ کر رات گزارے۔

(۳) نماز مغرب، عشاء، فجر اور نماز عید کے بعد یہ تکبیریں پڑھے:

اَللهُ اَكْبَرُ اللهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ اللهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

خدا بزرگتر ہے خدا بزرگتر ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں خدا بزرگتر ہے خدا بزرگتر ہے اور خدا کیلئے حمد ہے حمد ہے خدا کیلئے

عَلٰى مَا هَدَانَا وَلَهُ الشُّكْرُ عَلٰى مَا اَوْلَانَا

اس پر کہ ہمیں ہدایت دی اور اس کا شکر ہے اس پر جو کچھ اس نے ہمیں بخشا۔

(۴) نماز مغرب فرائض و نافلہ کے بعد ہاتھوں کو بلند کر کے کہے:

يَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ يَا ذَا الْجُودِ يَا مُصْطَفِيَ مُحَمَّدٍ وَنَاصِرَهُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے فضل و احسان والے اے عطا کرنے والے اے حضرت محمد (ص) کو منتخب کرنے والے اور ان کے حامی محمد (ص) و آل محمد (ص) پر

وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْ لِي كُلَّ ذَنْبٍ اَحْصَيْتَهُ وَهُوَ عِنْدَكَ فِي كِتَابٍ مُبِينٍ

رحمت نازل فرما اور میرے تمام گناہ بخش دے جو تیرے ہاں شمار ہو چکے ہوں کہ وہ اس کھلی کتاب میں درج ہیں جو تیرے پاس ہے۔

اس کے بعد سجدے میں جا کر سو مرتبہ کہے: اَتُوبُ اِلَى اللهِ پس اب خدا سے جو حاجت بھی طلب کرے انشاء اللہ پوری ہو گی۔

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# اعمالِ شبِ عیدالفطر

شیخ نے روایت کی ہے کہ نماز مغرب سے فراغت کے بعد سجدے میں جائے اور یہ پڑھے:

یَاذَاالْحَوْلِ یَاذَاالطَّوْلِ یَامُصْطَفِیاً مُحَمَّداً وَنَاصِرَہُ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

اے حرکت دینے والے اے سخاوت والے اے حضرت محمد(ص) کو منتخب کرنے والے اور ان کے حامی محمد(ص) و آل(ع) محمد(ص) پر رحمت نازل فرما

وَاغْفِرْلِی کُلَّ ذَنْبٍ أَذْنَبْتُہُ وَنَسِیتُہُ أَنَا وَھُوَ عِنْدَکَ فِی کِتَابٍ مُبِینٍ اسکے بعد سو مرتبہ کہے:

اور میرے وہ سبھی گناہ بخش دے جو میں نے کئے اور انہیں بھول گیا ہوں اور وہ گناہ تیری روشن کتاب میں درج ہیں

أَتُوبُ إِلَی اللہِ

خدا کے حضور توبہ کرتا ہوں

(۵) امام حسینؑ کی زیارت پڑھے۔ کہ اس کی فضیلت بہت زیادہ ہے اور آج کی رات امام حسینؑ کی مخصوص زیارت باب زیارت میں آئے گی۔ (مفاتیح الجنان دیکھئیے)

(۶) شب جمعہ کے اعمال میں مذکورہ دعا یا دائم الفضل ..... دس مرتبہ پڑھے۔ (مفاتیح الجنان دیکھئیے)

(۷) دس رکعت نماز پڑھے جس کا ذکر ماہ رمضان کی آخری شب کے اعمال میں ہو چکا ہے۔

(۸) دو رکعت نماز ادا کرے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورہ توحید پڑھے، اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ توحید پڑھے نماز کا سلام دینے کے بعد سر سجدے میں رکھے اور سو مرتبہ کہے:

أَتُوبُ إِلَی اللہِ پھر کہے: یَاذَاالْمَنِّ وَالْجُودِ یَاذَاالْمَنِّ وَالطَّوْلِ یَامُصْطَفِیَ مُحَمَّدٍ

خدا کے حضور توبہ کرتا ہوں اے احسان و عطا والے اے احسان و بخشش والے اے حضرت محمد کو منتخب و برگزیدہ

صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہِ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِہِ وَافْعَلْ بِی کَذَا وَکَذَا

کرنے والے محمد(ص) اور ان کی آل(ع) پر رحمت نازل فرما اور میرے لئے یہ اور یہ کردے

وَافْعَلْ بِی کَذَا کی بجائے اپنی حاجت طلب کرے۔

# اعمالِ شبِ عیدالفطر

روایت ہے کہ امیر المؤمنینؑ یہ نماز اسی طریقے سے بجالاتے تھے اور جب سر سجدے سے اٹھاتے تو فرماتے کہ اس خداکے حق کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جو بھی شخص یہ نماز پڑھ کر خدا سے اپنی کوئی حاجت طلب کرے گا تو وہ یقینا پوری ہوگی اور اسکے گناہ اگر ریت کے ذرات کے برابر بھی ہوں تو معاف کر دیئے جائیں گے۔

ایک اور روایت میں اس نماز کی پہلی رکعت میں ایک ہزار کی بجائے ایک سو مرتبہ سورہ توحید پڑھنے کا ذکر آیا ہے لیکن اس صورت میں اس نماز کو نافلہ مغرب کے بعد بجالانا ہوگا۔ شیخ و سید نے اس نماز کے بعد پڑھنے کے لیے یہ دعا نقل کی ہے:

یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَااللّٰہُ یَارَحِیمُ یَااللّٰہُ یَامَلِكُ یَااللّٰہُ یَاقُدُّوسُ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے بڑے مہربان اے اللہ اے بڑے رحم والے اے اللہ اے بادشاہ اے اللہ اے پاکیزہ

یَااللّٰہُ یَاسَلامُ یَااللّٰہُ یَامُؤْمِنُ یَااللّٰہُ یَامُهَیْمِنُ یَااللّٰہُ یَاعَزِیزُ یَااللّٰہُ یَاجَبَّارُ

اے اللہ اے کامل اے اللہ اے امن دینے والے اے اللہ اے نگہدار اے اللہ اے غالب اے اللہ اے دبدبہ والے

یَااللّٰہُ یَامُتَکَبِّرُ یَااللّٰہُ یَاخَالِقُ یَااللّٰہُ یَابَارِئُ یَااللّٰہُ یَامُصَوِّرُ یَااللّٰہُ

اے اللہ اے بڑائی والے اے اللہ اے بنانیوالے اے اللہ اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے صورت بنانیوالے اے اللہ

یَاعَالِمُ یَااللّٰہُ یَاعَظِیمُ یَااللّٰہُ یَاعَلِیمُ یَااللّٰہُ یَاکَرِیمُ یَااللّٰہُ یَاحَلِیمُ یَااللّٰہُ

اے جاننے والے اے اللہ اے بزرگی والے اے اللہ اے دانا اے اللہ اے کرم کرنے والے اے اللہ اے بردبار اے اللہ

یَاحَکِیمُ یَااللّٰہُ یَاسَمِیعُ یَااللّٰہُ یَابَصِیرُ یَااللّٰہُ یَاقَرِیبُ یَااللّٰہُ یَامُجِیبُ یَا

اے حکمت والے اے اللہ اے سننے والے اے اللہ اے دیکھنے والے اے اللہ اے نزدیک اے اللہ اے قبول کرنے والے اے

اللّٰہُ یَاجَوادُ یَااللّٰہُ یَاماجِدُ یَااللّٰہُ یَامَلِیُّ یَااللّٰہُ یَاوَفِیُّ یَااللّٰہُ یَامَوْلیٰ یَااللّٰہُ

اللہ اے بہت عطا والے اے اللہ اے شان والے اے اللہ اے دوست اے اللہ اے وفاوالے اے اللہ اے حاکم اے اللہ

یَاقَاضِی یَااللّٰہُ یَاسَرِیعُ یَااللّٰہُ یَاشَدِیدُ یَااللّٰہُ یَارَؤُوفُ یَااللّٰہُ یَارَقِیبُ

اے فیصلہ کرنے والے اے اللہ اے تیزتر اے اللہ اے سخت گیر اے اللہ اے مہربانی والے اے اللہ اے نگہبان

یَااللّٰہُ یَامَجِیدُ یَااللّٰہُ یَاحَفِیظُ یَااللّٰہُ یَامُحِیطُ یَااللّٰہُ یَاسَیِّدَ السَّادَاتِ یَااللّٰہُ

اے اللہ اے بزرگی والے اے اللہ اے نگہدار اے اللہ اے گھیرنے والے اے اللہ اے سرداروں کے سردار اے اللہ

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# اعمالِ شبِ عیدالفطر

یَا اَوَّلُ یَا اللّٰہُ. یَا آخِرُ یَا اللّٰہُ. یَا ظَاھِرُ یَا اللّٰہُ. یَا بَاطِنُ یَا اللّٰہُ. یَا فَاخِرُ یَا اللّٰہُ

اے اول اے اللہ اے آخر اے اللہ اے ظاہر اے اللہ اے باطن اے اللہ اے فخر والے اے اللہ

یَا قَاھِرُ یَا اللّٰہُ یَا رَبَّاہُ یَا اللّٰہُ یَا رَبَّاہُ یَا اللّٰہُ. یَا رَبَّاہُ یَا اللّٰہُ. یَا وَدُودُ یَا اللّٰہُ. یَا نُورُ

اے غلبہ والے اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے دوستی والے اے اللہ اے روشن

یَا اللّٰہُ یَا رَافِعُ یَا اللّٰہُ یَا مَانِعُ یَا اللّٰہُ. یَا دَافِعُ یَا اللّٰہُ. یَا فَاتِحُ یَا اللّٰہُ. یَا نَفَّاحُ

اے اللہ اے بلند کرنے والے اے اللہ اے روکنے والے اے اللہ اے ہٹانے والے اے اللہ اے کھولنے والے اے اللہ اے نفع

یَا اللّٰہُ یَا جَلِیلُ یَا اللّٰہُ یَا جَمِیلُ یَا اللّٰہُ. یَا شَھِیدُ یَا اللّٰہُ. یَا شَاھِدُ یَا اللّٰہُ. یَا مُغِیثُ

پہنچانے والے اے اللہ اے بزرگ اے اللہ اے زیبا اے اللہ اے گواہ اے اللہ اے مشاہدہ کرنے والے اے اللہ اے فریاد رس

یَا اللّٰہُ. یَا حَبِیبُ یَا اللّٰہُ. یَا فَاطِرُ یَا اللّٰہُ. یَا مُطَھِّرُ یَا اللّٰہُ. یَا مَلِکُ یَا اللّٰہُ. یَا مُقْتَدِرُ

اے اللہ اے دوست اے اللہ اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے پاکیزہ اے اللہ اے بادشاہ اے اللہ اے تقدیر بنانے والے

یَا اللّٰہُ. یَا قَابِضُ یَا اللّٰہُ. یَا بَاسِطُ یَا اللّٰہُ. یَا مُحْیِی یَا اللّٰہُ. یَا مُمِیتُ یَا اللّٰہُ.

اے اللہ اے بند کرنے والے اے اللہ اے کھولنے والے اے اللہ اے زندہ کرنے والے اے اللہ اے موت دینے والے اے اللہ

یَا بَاعِثُ یَا اللّٰہُ. یَا وَارِثُ یَا اللّٰہُ. یَا مُعْطِی یَا اللّٰہُ. یَا مُفْضِلُ یَا اللّٰہُ. یَا مُنْعِمُ

اے اٹھانے والے اے اللہ اے ورثہ والے اے اللہ اے عطا کرنے والے اے اللہ اے فضل کرنے والے اے اللہ اے نعمت

یَا اللّٰہُ. یَا حَقُّ یَا اللّٰہُ. یَا مُبِینُ یَا اللّٰہُ. یَا طَیِّبُ یَا اللّٰہُ. یَا مُحْسِنُ یَا اللّٰہُ. یَا مُجْمِلُ

دینے والے اے اللہ اے حق اے اللہ اے آشکار کرنے والے اے اللہ اے پاکیزہ اے اللہ اے احسان کرنے والے اے اللہ اے نیکی کرنے والے

یَا اللّٰہُ. یَا مُبْدِئُ یَا اللّٰہُ. یَا مُعِیدُ یَا اللّٰہُ. یَا بَارِئُ یَا اللّٰہُ. یَا بَدِیعُ یَا اللّٰہُ. یَا ھَادِی

اے اللہ اے آغاز کرنے والے اے اللہ اے لوٹانے والے اے اللہ اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے نیا کام کرنے والے اے اللہ اے رہنما

یَا اللّٰہُ. یَا کَافِی یَا اللّٰہُ. یَا شَافِی یَا اللّٰہُ. یَا عَلِیُّ یَا اللّٰہُ. یَا عَظِیمُ یَا اللّٰہُ. یَا حَنَّانُ

اے اللہ اے پورا کرنے والے اے اللہ اے شفا دینے والے اے اللہ اے بلند مرتبہ اے اللہ اے بڑائی والے اے اللہ اے محبت

یَا اللّٰہُ. یَا مَنَّانُ یَا اللّٰہُ. یَا ذَا الطَّوْلِ یَا اللّٰہُ. یَا مُتَعَالِی یَا اللّٰہُ. یَا عَدْلُ یَا اللّٰہُ.

والے اے اللہ اے احسان والے اے اللہ اے نعمت والے اے اللہ اے بلندی والے اے اللہ اے عدل کرنے والے اے اللہ

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# اعمالِ شبِ عید الفطر

يَاذَاالْمَعارِجِ يَااَللهُ. يَاصادِقُ يَااَللهُ. يَاصَدُوقُ يَااَللهُ. يَادَيّانُ يَااَللهُ. يَاباقِي

اے بلندیوں والے اے اللہ اے راست گو اے اللہ اے بہت راست گو اے اللہ اے بدلہ لینے والے اے اللہ اے بقاوالے

يَااَللهُ يَاواقِي يَااَللهُ. يَاذَاالْجَلالِ يَااَللهُ. يَاذَاالْاِكْرامِ يَااَللهُ. يَامَحْمُودُ يَااَللهُ

اے اللہ اے نگہدار اے اللہ اے جلالت والے اے اللہ اے عزت والے اے اللہ اے پسندیدہ اے اللہ

يَامَعْبُودُ يَااَللهُ. يَاصانِعُ يَااَللهُ. يَامُعِينُ يَااَللهُ. يَامُكَوِّنُ يَااَللهُ.

اے بندگی کیے گئے اے اللہ اے بنانے والے اے اللہ اے مدد کرنے والے اے اللہ اے وجود دینے والے اے اللہ

يَافَعّالُ يَااَللهُ. يَالَطِيفُ يَااَللهُ. يَاغَفُورُ يَااَللهُ. يَاشَكُورُ يَااَللهُ. يَانُورُ

اے کام کرنے والے اے اللہ اے باریک بین اے اللہ اے بہت معاف کرنے والے اے اللہ اے قدردان اے اللہ اے روشن

يَااَللهُ. يَاقَدِيرُ يَااَللهُ. يَارَبّاهُ يَااَللهُ. يَارَبّاهُ يَااَللهُ. يَارَبّاهُ يَااَللهُ. يَارَبّاهُ يَا

اے اللہ اے قدرت والے اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار

اَللهُ. يَارَبّاهُ يَااَللهُ. يَارَبّاهُ يَااَللهُ. يَارَبّاهُ يَااَللهُ. يَارَبّاهُ يَااَللهُ. يَارَبّاهُ يَااَللهُ.

اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ اے پروردگار اے اللہ

يَارَبّاهُ يَااَللهُ. أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَتَمُنَّ عَلَيَّ بِرِضاكَ.

اے پروردگار اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمد(ص) اور آل(ع) محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور اپنی رضا کے ذریعے مجھ پر احسان فرما

وَتَعْفُوَ عَنِّي بِحِلْمِكَ. وَتُوَسِّعَ عَلَيَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلالِ الطَّيِّبِ وَمِنْ حَيْثُ أَحْتَسِبُ

اپنی بردباری کے ساتھ مجھے معاف کر اور مجھ پر اپنے حلال وپاکیزہ رزق میں فراخی کردے جہاں سے مجھے رزق ملنے کی توقع ہے

وَمِنْ حَيْثُ لَا أَحْتَسِبُ. فَإِنِّي عَبْدُكَ لَيْسَ لِي أَحَدٌ سِواكَ. وَلَا أَحَدٌ أَسْأَلُهُ غَيْرُكَ.

اور جہاں سے مجھے رزق ملنے کی توقع نہیں ہے پس میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے سوا میرا کوئی نہیں اور نہ تیرے سوا کوئی اور ہے جس

يَاأَرْحَمَ الرّاحِمِينَ. مَاشاءَ اللهُ لَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ پھر سجدے میں جائے

سے مانگوں اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہے نہیں کوئی قدرت لیکن وہی جو بزرگ وبرتر خدا سے ملتی ہے

اور کہے: يَااَللهُ يَااَللهُ. يَارَبُّ يَارَبُّ يَارَبُّ. يَامُنْزِلَ الْبَرَكاتِ بِكَ تُنْزَلُ كُلُّ

اے اللہ اے اللہ اے پروردگار اے پروردگار اے پروردگار اے برکتوں کے نازل کرنے والے تجھی سے ہر حاجت برآتی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

حَاجَةٍ أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ فِي مَخْزُونِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ وَالْأَسْمَاءِ الْمَشْهُورَةِ عِنْدَكَ

اور پوری ہوتی ہے سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ ہر ایک نام کے جو تیرے ہاں خزانہ غیب میں ہے اور بواسطہ ان معروف ناموں

الْمَكْتُوبَةِ عَلَى سُرَادِقِ عَرْشِكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ

کے جو تیرے ہاں عرش کے پردوں پر تحریر و نقش کیے ہوئے ہیں سوالی ہوں کہ تو حضرت محمد(ص) اور آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور

تَتَقَبَّلَ مِنِّي شَهْرَ رَمَضَانَ، وَتَكْتُبَنِي مِنَ الْوَافِدِينَ إِلَى بَيْتِكَ الْحَرَامِ، وَتَصْفَحَ

میری طرف سے ماہ رمضان کی عبادت قبول کر لے اور تو مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کا حج ادا کرنے والوں میں لکھ دے اور تو میرے

لِي عَنِ الذُّنُوبِ الْعِظَامِ، وَتَسْتَخْرِجَ لِي يَا رَبِّ كُنُوزَكَ يَا رَحْمٰنُ۔

بڑے بڑے گناہوں کو معاف کرے اور تو میرے لیے اپنے ان گنت خزانے کھولے اے بہت مہربان۔

(۹) چودہ رکعت نماز بجا لائے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد و آیۃ الکرسی کے بعد تین مرتبہ سورہ توحید پڑھے تاکہ اسے ہر رکعت کے بدلے میں چالیس سال کی عبادت کا ثواب ملے نیز اس شخص کے برابر مزید ثواب بھی حاصل ہو کہ جس نے ماہ رمضان کے پورے روزے رکھے ہوں اور عبادت کی ہو۔

(10) مصباح میں شیخ کا فرمان ہے کہ آخر شب غسل کرے اور مصلائے عبادت پر رہے یہاں تک کہ صبح صادق ہو جائے۔